بچہ کی تحنیک اور کان میں اذان کے بارے میں فتوی

الحمدللہ و الصلوۃ و السلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بچے کے کان میں اذان کا طریقہ کیا ہے اور کیا تحنیک [گھٹی] بچے کے کان میں اذان کے دینے کے فوراً بعد دی جائے یا ہوسپیٹل سے فارغ ہونے پر دے دی جائے۔ کیا تحنیک کرنے والے کا نیک ہونا ضروری ہے۔ کیا اس کی جگہ والدین گھٹی دے سکتے ہیں۔

سائل : رضوان فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

اذان و تحنیک میں ترتیب کسی کتاب میں نظر سے نہ گذری مگر ایک کتاب میں پڑھا کہ جب حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ پیدا ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے داہنے کان میں اذان دی اور بائیں میں تکبیر پڑھی اور اپنے دہن مبارک سے تحنیک فرمائی ۔ایسا کرنا بہتر ہے کہ سب سے پہلے بچے کے کان میں اذان دی جائے تاکہ سب سے پہلے بچے کے کان میں اذان کے ذریعے نورِ توحید داخل کیا جائے۔ بہتر یہ ہے کہ داہنے کان میں چار مرتبہ اذان اور بائیں میں تین مرتبہ اقامت کہی جائے اور بعدہ تحنیک کی جائے مگر تحنیک کا اذان کے فوراً بعد ہونا ضروری نہیں ہے۔آپ ہوسپیٹل کے معاملات سے فارغ ہو کر کر سکتے ہیں مگر یہ بہتر ہے کہ سب سے پہلا کھانا بچہ کے لیے وہ تحنیک ہی ہو۔ تحنیک کے لیے کوئی بزرگ یا عالم دین ہونا بہتر ہے ، ضرور اس کی برکات اسے ملیں گی مگر کسی عالم و بزرگ کا ہونا تحنیک کے لیے ضروری نہیں۔ والدین بھی تحنیک کر سکتے ہیں۔

بچہ پیدا ہونے کے بعد اذان دی جائے جیسا کہ بہار شریعت میں ہے کہ جب بچہ پیدا ہو تو مستحب یہ ہے کہ اوس کے کان میں اذان و اقامت کہی جائے اذان کہنے سے ان شاءاللہ تعالیٰ بلائیں دور ہو جائیں گی۔ بہتر یہ ہے کہ داہنے کان میں چار مرتبہ اذان اور بائیں میں تین مرتبہ اقامت کہی جائے۔

(بہار شریعت ، حصہ ۱۵، ص ۱۵۳)

اور حدیث میں آیا کہ اللہ عزوجل کے محبوب ، دانائے غُیوب ، مُنَزَّہٌ عَنِ العُیوب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم نے ارشاد فرمایا: ''جس کے گھر میں بچہ پیدا ہو اور وہ اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے تو اس بچے سے ام الصبیان (کی بیماری) دور رہتی ہے۔''

(شعب الایمان، باب فی حقوق الاولاد والاھلین، الحدیث ۸۶۱۹، ج۶، ص۳۹۰)

تحنیک بزرگ وعالم شخص سے کروانا بہتر ہے جیسا کہ مسلم شریف میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راویت ہے کہ " أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُؤْتَى بِالصِّبْيَانِ فَيُبَرِّكُ عَلَيْهِمْ وَيُحَنِّكُهُمْ "رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی خدمت میں بچے لائے جاتے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم ان کے لیے برکت کی دعا کرتے اور تحنیک کرتے۔

["صحیح مسلم"، کتاب الطھارۃ، باب حکم بول الطفل الرضیع...إلخ، الحدیث: ۱۰۱۔(۲۸۶)، ص۱۶۵]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی چیز مثلاً کھجور چبا کر اس بچہ کے تالو میں لگادیتے کہ سب سے پہلے اس کے شکم میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا لعاب دہن پہنچے۔اسی مفہوم کی اور احادیث بھی موجود ہیں جن کی بناء پر مسلمانوں کا یہ معمول ہے کہ وہ اپنے بچوں کی صالح و متقی مسلمانوں سے تَحنِیک کرواتے ہیں۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Question:

What do scholars of Islām say regarding the ruling of sharī'ah concerning the way in which adhān should be given in a baby's ear and the tahnīk [practice of chewing a date and rubbing it softly on the roof of the mouth of a new-born child] given to the child, should it be performed straight after saying the adhān or after finishing from the formalities of the hospital. Is it necessary for the person performing the tahnīk to be pious? Can the parents perform it?
Questioner: Rizwan from England

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

I have not come across anything mentioning the order between the adhān and tahnīk but I have read in one book that when Sayyidunā Husain (may Allāh be pleased with him) was born our Holy Prophet Muhammad صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم recited adhān in his right ear and iqāmah in his left ear and gave tahnik to him by his blessed saliva. It is better to perform it in this way that first of all adhān be recited in the the baby's ear so that first of all the light of tawhīd can be entered into the baby's ear through the adhān. It is better to recite adhān 4 times in the right ear and iqāmah 3 times in the left ear and then tahnīk should be given. However, it is not necessary that tahnīk be performed

directly after reciting adhān. The tahnīk can be given after getting finished from the formalities of the hospital but it is better that the first food given to the child should be that of tahnīk. It is better if a pious person or a scholar performs tahnīk to the baby and the child will receive the blessings of this, but a pious person or scholar is not compulsory for tahnīk. The tahnīk can be performed by the parents as well.

The adhān should be given after the child's birth. As it is mentioned in Bahār e Sharī'at that when a child is born it is mustahabb (recommended) to recite adhān and iqāmah in the baby's ear. Allāh Willing, calamities will be averted by this recital. It is better to recite adhān 4 times in the right ear and iqāmah 3 times in the left ear.

[Bahār e Sharī'at , part 15, pg153]

Our Holy Prophet Muhammad صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم said that :"When a baby is born in someone's house and and he recites adhān in his right ear and iqāmah in his left ear the illness of umm al Sibyān [epilepsy of children] will be averted from the child.

[Shu'ab ul Imān, hadīth 8619,part 6,pg 390]

It is better if a pious man or scholar performs tehneek as it is mentioned in Muslim Sharīf narrated by Sayyidah A'ishah رضی اللہ تعالٰی عنہا :

Children would be brought to The Holy Prophet Muhammad صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم and he would supplicate for blessings for them and would perform tahnīk.

[Sahīh Muslim,hadīth 101, pg165]

The Holy Prophet Muhammad صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم would chew something like a date and stick it to the roof of the mouth of the child so that in this way the first thing to enter the stomach of the child would be the blessed saliva of The Holy Prophet Hazrat Muhammad صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلَّم . There are other ahādīth which relate this same meaning based upon which it is the practice of the Muslims to seek to have tahnīk of their children performed by righteous and pious Muslims.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Answered by Abu al-Hasan Muhammad Qasim Zia al Qadri